فوری ریلیز کے لیے: 6/10/2022 *گورنر KATHY HOCHUL*

***گورنر HOCHUL نے نیویارک کی قومی رہنما اقلیتی اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائز پروگرام کو مستحکم بنانے کے لیے قانون سازی کے پیکیج پر دستخط کیے ہیں***

***قانون سازی (A.9259-A/S.3390-A)* اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائز (*MWBE*) پروگرام کے اندر دھوکہ دہی اور بدسلوکی کی کارروائیوں سے تحفظ میں مدد دیتی ہے اور دھوکہ دہی کی تفتیش اور جانچ پڑتال کی خاطر فنڈ کے لیے فریم ورک تخلیق کرتی ہے۔**

***قانون سازی (A.6420/S.571) کاروباری اداروں کو موجودہ قرضہ جات کے لیے نئی شرائط پر دوبارہ قرضہ لینے کے لیے MWBE ترقی و قرضہ جاتی پروگرام کے فنڈز کو بروئے کار لانے میں مدد دیتی ہے***

***قانون سازی (A.10459/S.9351) نیویارک شہر کو بنا کسی رسمی تقابلی کارروائی کے MWBEs کے لیے 1$ ملین تک کے کانٹریکٹس کی تفویض میں مدد دیتی ہے***

***نیز یہ بھی اعلان کیا ہے کہ MWBE کی شرح استعمال MWBEs کو تفویض کردہ ریاستی کانٹریکٹس میں تقریباً 3$ بلین کے ساتھ بلند ترین قومی شرح ہے***

***سالانہ رپورٹ [یہاں]* دستیاب ہے**

آج گورنر Kathy Hochul نے ایک قانون سازی کے پیکیج پر دستخط کیے ہیں جس کے ذریعے اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائزز کی معاونت کے لیے نیویارک کے قومی رہنما پروگرام کو مستحکم بنایا جائے گا۔ گورنر نے 7 اکتوبر سے نافذ العمل، ریاست کے بارہویں سالانہ MWBE فورم کے ساتھ مل کر نئے قانون پر دستخط کیے۔ گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ مالی سال 2022 کے دوران ریاست نیویارک کے کانٹریکٹس میں 30.64 فیصد شرح استعمال کے ساتھ ریاست نیویارک اپنے MWBE استعمال کے ہدف میں سبقت لے گئی ہے، جو کہ ملک میں متواتر دوسرے سال کی اعلیٰ ترین MWBE شرح استعمال ہے۔ مالی سال 2022 کے دوران MWBE فرمز کو ریاستی کانٹریکٹس کی مد میں تقریباً 3$ بلین کی رقم تفویض کی گئی، جبکہ 2011 سے اب تک ریاستی کانٹریکٹس کی مد میں MWBEs کو تقریباً 24$ بلین کی رقم تفویض کی گئی ہے۔ بل پر دستخط کرنے کے علاوہ، نیویارک کے MWBE شرح استعمال میں بتدریج اضافہ، گورنر Hochul کی جانب سے MWBEs کی معاونت کرنے اور ریاست بھر میں بہتر معاشی موقع کی علمبردار بننے کے عزم کو نمایاں کرتا ہے۔

"نیویارک کو اپنی تنوع سے تقویت ملتی ہے، اور میری انتظامیہ کی ترجیح یہ ہے کہ وہ ریاست بھر کے لیے معاشی مواقع کی جامیعت اور ان کی یکساں فراہمی کو یقینی بنائے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مسلسل دو سالوں سے، ہماری قومی رہنما MWBE شرح استعمال اہم ذرائع اور وسائل کی فراہمی کے ہمارے عزم کو نمایاں کرتی ہے، تاکہ سب لوگ معاشی کامیابی کی راہوں پر قدم بڑھانے کے قابل سکیں۔ نیویارک کی مستحکم MWBE شرح استعمال کا جاری و ساری رہنا MWBEs کے لیے زیادہ سے زیادہ مساوی معاشی مواقع کی فراہمی میں سبقت لے جانے کے ریاستی عزم کو ظاہر کرتا ہے۔"

"گورنر Hochul کی قیادت کا شکریہ، کہ نیویارک نے مسلسل دوسرے سال ہمارے ہدفِ استعمال کو پورا کیا ہے اور ہم رکاوٹوں کو ختم کرنے اور ریاست بھر میں MWBEs کے لیے مواقع کی توسیع کے سلسلے میں مدد کو جاری رکھیں گے،" **لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے کہا۔** "نیویارک اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباروں کی خاطر اہم وسائل کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہے تاکہ انہیں کامیاب ہونے میں مل سکے کیونکہ ہماری معیشت اس وقت مضبوط ترین ہو گی جب یہ متنوع، قابلِ رسائی، اور جامع ہو۔"

قانون سازی (A.9259-A/S.3390-A) MWBE پروگرام کے اندر دھوکہ دہی اور استحصال کو روکے گی اور یہ پروگرام میں بدعملی کی تفتیش اور جانچ پڑتال کی خاطر فنڈ کے لیے فریم ورک تخلیق کرتی ہے۔ ریاست نیویارک سپریم کورٹ کے اعلیٰ ججوں کے گروہ کی جانب سے پیش کردہ 2014 کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا کہ درست MWBE کے مقصد کے لیے مختص کردہ 10$ سے زائد کی رقم جائز MWBEs کو کانٹریکٹس میں دھوکے دے کر، فریبانہ غیر MWBEs کے کھاتے میں گئی۔ یہ قانون ریاستی MWBE رجسٹری کی تخلیق، دھوکہ دہی کے لیے جرمانوں میں اضافے، اور بدعملی کی تفتیش کے لیے MWBE فنڈ کی تشکیل کے ذریعے پروگرام کی سالمیت کو یقینی بنائے گا۔

**ریاستی سینیٹر Jamaal Bailey نے کہا،** "میں اس حوالے سے اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری اداروں کے بااختیار ہونے پر یقین رکھتا ہوں کہ اس سے دولت کے فرق کا خاتمہ ہو گا، ہماری معیشت میں تنوع پیدا ہو گا اور ریاست بھر میں ہماری کمیونٹیز کے لیے ایک خوشحال مستقبل تخلیق ہو گا۔ سینیٹ کا بل S3390، اقلیتی اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائز پروگرام کے لیے حفاظتی اقدامات تشکیل دیتا ہے تاکہ دھوکہ دہی اور استحصال پر مبنی کارروائیوں سے ان کی حفاظت کی جا سکے۔ یہ بل اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائز فنڈ کو مستحکم بنانے کے ساتھ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ فنڈ کا منصفانہ استعمال کیا جائے اور نیویارک میں موجود انٹرپرائزز اس کے مواقع تک رسائی پا سکیں۔ میں گورنر Kathy Hochul، سینیٹ اکثریتی رہنما، Andrea Stewart-Cousins، اسپیکر Carl Heastie، اسمبلی اسپانسر اکثریتی رہنما Crystal Peoples-Stokes، اور دونوں ایوانوں میں موجود اپنے رفقائے کار کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ریاست بھر میں خواتین اور غیر سفید فام منتظمین کے لیے راہیں استوار کرنے والے اس قانون کی حمایت کی۔"

**اسمبلی اکثریتی رہنما Crystal D. Peoples-Stokes نے کہا،** "مجھے ریاست نیویارک کی قومی رہنما MWBE شرح استعمال پر فخر ہے۔ MWBE پروگرام کی سالمیت کو یقینی بنانا نہایت اہمیت کا حامل ہے، اور میں گورنر Hochul کی جانب سے اس قانون پر دستخط کرنے کے عمل کو سراہتا ہوں جو MWBE میں دھوکہ دہی کی کارروائی کو کم سے کم کرنے میں مدد دے گا، زیادہ سے زیادہ شفافیت فراہم کرے گا، اور مستند MWBEs کے لیے مواقع بہم پہنچائے گا۔"

قانون سازی (A.6420/S.571) کاروباری اداروں کو موجودہ قرضہ جات کے لیے نئی شرائط پر دوبارہ قرضہ لینے کے لیے اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروبار کی ترقی و قرضہ جاتی پروگرام کے فنڈز کو بروئے کار لانے میں مدد دے گی۔ متعدد کاروباری مالکان کے لیے، کمرشل کریڈٹ کارڈز کریڈٹ تک رسائی کا پہلا اور واحد ذریعہ ہیں، جس سے قرضے پر اکثر زیادہ شرح ہائے سود وصول کی جاتی ہیں۔ ریاست کے موجودہ مائیکرو لون پروگرامز میں سے کسی ایک کے تحت اس قرضے کے لیے نئی شرائط پر دوبارہ قرضہ لینے میں کاروباری اداروں کو مدد دینے سے شرح سود کی رقوم میں 1,200$ تک کمی ہو سکتی ہے، جس سے کاروباری ادارے کو سالانہ 3,000$ کی بچت ہوتی ہے۔

**ریاستی سینیٹر James Sanders Jr. نے کہا،** "گورنر کی جانب سے دستخط شدہ ان بلز سے اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری انٹرپرائزز کو، ان کے لیے ترقی کرنے کے مواقع میں اضافے کے ذریعے فروغ اور استحکام ملے گا۔ چونکہ ہم COVID کے بعد کے دور میں داخل ہو رہے ہیں، لہٰذا مضبوط MWBEs کی جانب سے ملازمتوں کی تخلیق اور معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے ذریعے نیویارک کی معیشت کو بےحد فائدہ پہنچے گا۔"

**رکن اسمبلی Rodneyse Bichotte Hermelyn نے کہا،** "اپنے دو حمایت یافتہ بلز (A.6420/S.571) اور (A.10459/S.9351) کو دیکھنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے، جو کہ MWBEs کو قانون کی شکل اختیار کرنے

کے مواقع میں توسیع لائیں گے۔ موجودہ قرضوں کے لیے نئی شرائط پر دوبارہ قرضہ لینے کے لیے کاروباری اداروں کو MWBE کے ترقی و قرضہ جاتی پروگرامز کے استعمال کی اجازت دینے اور بنا کسی رسمی تقابلی کارروائی کے، MWBEs کو M1$ تک کے کانٹریکٹس کی تفویض کے لیے NYC کو اجازت دینے کے ذریعے، ہم MWBEs کے لیے مساوات، اور رکاوٹوں کے خاتمے کی جانب دو شاندار اقدامات لے رہے ہیں، جن سے انہیں آمدنی میں اپنے منصفافہ حصے کے حصول میں مدد ملتی ہے۔ میں ایک ایسے قانون ساز پیکیج کی منظوری پر گورنر Hochul اور ریاستی قانون ساز ادارے کا شکریہ ادا کرتی ہوں، جس سے MWBEs کو ایسے مواقع فراہم ہوں گے جو منصفافہ کامیابی میں انہیں درکار ہیں اور جن کے وہ حقدار ہیں۔ اب، نئی شرائط پر دوبارہ قرضہ لینے کے مسائل اور تقابلی کارروائی کی مزاحمتوں کی وجہ سے MWBEs کو رکاوٹیں پیش نہیں آئیں گی، جن کا غیر منصفانہ بوجھ ان کے کندھوں پر ہوتا تھا۔ تازہ ترین ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ نیویارک اپنی MWBE شرح استعمال میں قومی رہنما بن کر ابھر رہا ہے، اور یہ کہ میدانِ عمل کو ہموار کرنے اور سب کے لیے یکساں معاشی مواقع تخلیق کرنے کے لیے ہم نہایت پُرعزم ہیں۔"

قانون سازی (A.10459/S.9351) نیویارک شہر کو یہ اختیار تفویض کرے گی وہ MBWEs کو غیر تقابلی کانٹریکٹس کے لیے عطا کی جانے والی رقوم میں 500,000$ سے 1$ ملین تک کا اضافہ کرے۔ شہر نے ایسے امتیاز کے خاتمے کے لیے بہت سی کوششیں کی ہیں، جن میں MWBEs کے لیے ذیلی کانٹریکٹر کی شمولیت کے اہداف طے کرنا شامل ہے، اور سابقہ طور پر، شہری ایجنسیاں MWBEs کے ساتھ بنا کسی رسمی تقابلی کارروائی کے ایسے کانٹریکٹس کر سکتی تھیں جن کی رقوم MWBEs کی جانب سے 500,000$ سے زیادہ نہیں ہوتی تھیں۔ نیا قانون شہر کو حصول کی حدِ اثر میں 1$ ملین کا اضافہ کرنے میں مدد دے گا، جس کے نتیجے میں شہری کانٹریکٹس کے حصول کے متلاشی MWBEs کے لیے سرمائے تک رسائی میں اضافہ ہو گا۔ یہ قانون ایک شہری پروگرام کا بل تھا جو کہ نیویارک شہر کے میئر، Eric Adams کی جانب سے پیش کیا گیا تھا۔

**نیویارک شہر کے میئر Eric Adams نے کہا،** "آج کا دن نیویارک شہر کے اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری اداروں، اور اس کے علاوہ ریاست بھر کی سیاہ فام اور دیسی (ایشیائی) کمیونٹیز کی نمایاں فتح کا دن ہے۔ شہری کانٹریکٹس میں M/WBEs کے لیے 1$ ملین تک اختیاری حدِ اثر میں اضافہ کر کے، ہم متنوع پس منظروں سے تعلق رکھنے والے نیویارک کے باشندوں کے لیے میدانِ عمل ہموار کر رہے ہیں — جس سے ہمیں مزید منصفانہ اور مساویانہ مستقبل کے قیام میں مدد ملے گی۔ وبا کے دوران کاروباری تشکیل اور ملامتوں کے فروغ کے حوالے سے ہمارے M/WBEs کی شرحیں کم رہی ہیں، نیز کاروباری بندشوں میں بھی شدید اضافہ رہا ہے۔ آج، ہم اپنے M/WBEs کو دکھا رہے ہیں کہ ہم ان کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ میں MWBEs کے حوالے سے گورنر Hochul کے عزم اور مجلس قانون ساز کے اپنے ان شراکت داروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، جنہوں نے تاریخی عدم مساواتوں میں جڑ پکڑے نسلی مسئلے کا تدارک کرتے ہوئے، ہماری معاشی بحالی کے حصول میں یہ نمایاں قدم اٹھانے میں ہماری مدد کی۔"

بارہویں سالانہ MWBE فورم کا موضوع "مساویانہ مستقبل کا قیام" ہے، جو نیویارک ریاست کی جانب سے MWBE فرمز کی معاونت کو نمایاں کرتا ہے تاکہ وہ مستقلاً تغیرپذیر مارکیٹ میں مقابلے لیے مزید تیار ہو سکیں۔ اس سال کا ہائبریڈ فورم بالمشافہ تقاریب اور آن لائن سیشنز پیش کرتا ہے، جو معلوماتی اور نیٹ ورکنگ مواقع کی خاطر MWBEs، ریاستی ایجنسیوں اور محکموں، اہم کانٹریکٹرز، اور حکمتِ عملی کے دیگر شراکت داران کو اکٹھا کرتے ہیں۔

**ریاست نیویارک کی چیف ڈائیورسٹی افسر Julissa Gutierrez نے کہا،** "نیویارک ان منتظمین کے لیے میدانِ عمل ہموار کر کے ایک مساویانہ مستقبل کا قیام عمل میں لا رہا ہے جو کہ خواتین ہیں اور غیر سفید فام لوگ ہیں تاکہ معاشی خودمختاری اور کانٹریکٹ کرنے کے مواقع کو یقینی بنایا جا سکے۔ گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، ہم اپنی معیشت کو مزید جامع اور مزید مستحکم بنانے کا سفر طے کر رہے ہیں، جو کہ ریاست نیویارک کے نمایاں تنوع کی عکاسی کرتا ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، ہمارے MWBE کی شرح استعمال - جو کہ مسلسل دو سالوں سے ہمارے طے کردہ ہدف سے تجاوز کر چکی ہے،

اس کے ذریعے MWBEs کے لیے یکساں مواقع کے حوالے سے ریاست نیویارک کا عزم ظاہر ہوتا ہے۔ امپائر سٹیٹ میں کامیابی اور ترقی کے لیے ہم MWBEs کو درکار وسائل کی فراہمی کو جاری رکھیں گے۔"

ڈویژن برائے اقلیت اور خواتین کی کاروباری ترقی ( Division of Minority and Women's Business Development, DMWBD) MWBEs کے لیے یکساں معاشی مواقع کی فراہمی اور ریاستی کانٹریکٹس میں ان کی شمولیت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمے کی حمایت کرتا ہے۔ 20 سال سے زائد کے عرصے سے، DMWBD نے MWBE کمیونٹی کو تصدیق اور کاروباری ترقی کی خدمات فراہم کی ہیں تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ انہیں ترقی کرنے، کامیابی پانے اور ریاست نیویارک میں پنپنے کے لیے درکار ذرائع دستیاب ہوں، نیز DMWBD نے اپنی کوششوں کے ذریعے ریاست نیویارک کی ایجنسیوں اور محکموں کو رہنمائی اور معاونت فراہم کی ہے تاکہ ریاستی کانٹریکٹنگ مواقع میں MWBEs کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

**اقلیتوں اور خواتین کے کاروباری اداروں کی ترقی کے امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ ڈویژن کے ایگزیکٹیو نائب صدر اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Jerome A. DuVal نے کہا،** "ہماری متنوع، اختراعی، اور جاندار MWBE کمیونٹی کے لیے زیادہ سے زیادہ یکساں معاشی مواقع کی فراہمی میں آگے سے آگے بڑھنے کے ہمارے ریاستی عزم نے ہماری ریاست کو COVID-19 کی جاری و ساری وبا سمیت نہ صرف FY 2021-22 کے مسائل پر قابو پانے، بلکہ پہلے سے زیادہ بہتر بن کر ابھرنے میں بھی مدد دی ہے۔ ہم آئندہ سال کے لیے پُرجوش ہیں، کیونکہ یہ ڈویژن گورنر Hochul کے سرمایہ کاری کو جاری رکھنے، اور ترقی کرنے کے وژن، خودمختاری پروگرامز کے ذریعے نیویارک کے MWBEs کی، بہتر خدمات، اور توسیع کردہ ایسی خدمات میں سرمایہ کاریوں کی معاونت کو جاری رکھے ہوئے ہے جو مجموعی نسلی دولت میں اضافے میں مدد دیتی ہیں۔"

**نیویارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "NYPA میں، ہم ان ناقابلِ یقین کرداروں کا اعتراف کرتے ہیں جو نیویارک کی صاف توانائی کی معیشت کے قیام میں MWBEs ادا کرتے ہیں۔ NYPA تربیتی سیشنز، شمولیتوں، اور نئے ترسیل کار کے متنوع پروگراموں کے ذریعے متنوع کاروباری اداروں کے ساتھ اپنے روابط فعال انداز میں مضبوط کر رہی ہے۔ ہم MWBEs کو درکار تربیت اور تعلیم کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہیں تاکہ ان کی استعداد اور مہارتوں کو فروغ دیا جا سکے۔ مل جُل کر ہم NYPA اور کینال کارپوریشن (Canal Corporation) کانٹریکٹس کو مستند، متحرک MWBEs کے ذریعے مکمل کرنے کا عمل آسان بنا دیں گے۔"

**ریاست نیویارک کی اقامتی اتھارٹی کے صدر اور CEO Reuben McDaniel, III نے کہا،** "ہم نیویارک کے تمام باشندوں، بالخصوص اقلیت اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباری اداروں کے لیے مواقع کی تخلیق کے سلسلے میں نیویارک کے عزم کی معاونت کرنے اور اسے مستحکم بنانے کے لیے گورنر Hochul کی قیادت کے شکرگزار ہیں۔ DASNY کو ہماری جانب سے اس امر کو یقینی بنانے میں ہمارے کردار پر فخر ہے کہ وہ ریاستی کانٹریکٹرز جو نیویارک کی معیشت کی مضبوطی اور دیرپا بنیادی ڈھانچے کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں، وہ ریاست نیویارک کی آبادی کی اعلیٰ تنوع کو ظاہر کریں۔ یہ قانون سازی ان پنپتے کاروباری اداروں کو عوامی شعبے کے ایسے کانٹریکٹنگ مواقع سے مستفید ہونے میں معاونت دے گی، جو ان کاروباروں کے فروغ میں نہایت اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔"

ESD ڈویژن برائے اقلیت اور خواتین کے کاروباری اداروں کی ترقی نے بھی مالی سال 2022 کی اپنی سالانہ رپورٹ جاری کر دی ہے۔ مالی سال کے دوران، نیویارک 9,700 سے زائد مستند فرمز کے ساتھ مستند MWBE فرمز کی ریاستی تاریخ کی اعلیٰ ترین سطح کو پہنچ گیا، اور ریاست نے علاقائی شمولیت اور تمام تر ریاستی علاقوں میں MWBEs کے کام اور اس کے مقام میں توسیع کرنے کے لیے معاونت میں اضافہ کیا۔ مذکورہ رپورٹ میں ان تاریخی کارہائے نمایاں اور کامیابی کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے جو گزشتہ سال کے دوران اور پوری تاریخ میں MWBEs کی معاونت کے لیے ریاست نیویارک نے حاصل کی ہے۔ مکمل رپورٹ یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418